# اشتہار برائے بھرتی اساتذہ

محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ضلع بونیرکے زیر انتظام (مردانہ) سکولوں میں درج ذیل آسامیوں کو ریگولر بنیاد پر (جو کہ ابتدائی پانچ سال کے لئے ناقابل تبادلہ ہونگی) اساتذہ بھرتی کرنے کے لئے ضلع بونیر کے سکونتی اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں درخواست فارم ETEAکی ویب سائٹ پر مورخہ14-02-2025 سے 17-03-2025 تک دستیاب ہونگے۔

| نمبر شمار | نام آسامی | تعلیمی قابلیت | عمر |
|---|---|---|---|
| .1 | سی ٹی(BPS-15) | (I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا35 سال |
| .2 | ڈی-ایم(BPS-15) | (I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا35 سال |
| .3 | پی ای ٹی(BPS-15) | (I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا35 سال |
| .4 | ٹی ٹی(BPS-15)) | (I)۔ایس ایس سی سیکنڈ ڈویژن کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے بمعہ شہادتہ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کسی بھی مستند تنظیمات یا وفاق المدارس یا دارلعلوم سیدوشریف سوات، دارالعلوم چار باغ سوات، دارلعلوم چترال ،دارلعلوم دروش چترال یا کوئی دیگر دارلعلوم جو گورنمنٹ کے زیر انتظام ہو اور اس کا نوٹیفیکیشن حکومت نے وقتا فوقتا جاری کیا ہو یا کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے ایم اے اسلامیات میں سیکنڈ کلاس ماسٹر ڈگری یا مساوی۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا 35 سال |
| .5 | اے ٹیBPS-15 | (i)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری بمعہ شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کسی مستند تنظیمات یا وفاق المدارس یا دارلعلوم سیدو شریف سوات، دارلعلوم چارباغ سوات، دارلعلوم چترال، دارلعلوم دروش چترال یاکوئی اور دارلعلوم جو گورنمنٹ کے زیرانتظام ہو اور اس کا نوٹیفکیشن حکومت نے وقتاً فوقتاً جاری کیا ہو۔ یا کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے عربی میں سیکنڈ کلاس ماسٹر ڈگری یا مساوی۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا 35 سال |
| .6 | سی ٹی-آئی ٹی (BPS-12) | (I)کسی بھی تسلیم شُدہ ادارے سے سیکنڈ ڈویژن انٹر میڈیٹ سرٹیفیکیٹ یا مساوی قابلیت بمعہ ایک سالہ ڈپلومہ کمپیوٹر سائنس / آئی ٹی<br>(II)۔کسی بھی تسلیم شُدہ ادارے سے سی ٹی سرٹیفیکیٹ یا Associate Degree in Education<br>نوٹ: اگر کوئی امیدوار مندرجہ بالا شق نمبر 2 پر پورانہ اُتر رہا ہو تو تقرری کے 3 سال کے اندر مطلوبہ قابلیت حاصل کرے گا /کرے گی۔ | 18تا 35 سال |
| .7 | قاری(BPS-12) | (I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری اور قرآت سندکسی بھی رجسٹرڈ ادارے سے<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا 35 سال |
| .8 | پرائمری سکول ٹیچر (PST) BPS-12 | (I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بیچلر ڈگری۔<br>(II) ۔ سلیکشن اور تقرری کے بعد 9 ماہ کی لازمی اِن سروس ٹریننگ حکومتی اداروںRPDC/DPD سے حاصل کرنی ہوگی۔ | 19تا 35 سال |

سلیکشن کریٹریا:اساتذہ کے سلیکشن کیلئے کریٹریا درج ذیل ہے۔ کُل 200 نمبرات کی تقسیم اس طرح سے کی جائیگی۔

(ا)۔ٹیسٹ = 100 نمبر (ب)۔ تعلیمی قابلیت = 100نمبر جس کی مزید تقسیم اس طرح ہوگی

| تعلیمی قابلیت | کُل نمبر |
|---|---|
| ایس ایس سی | حاصل کردہ نمبرز X 15 تقسیم کل نمبر |
| ایچ ایس ایس سی | حاصل کردہ نمبرز X 20 تقسیم کل نمبر |
| بی اے / بی ایس سی | حاصل کردہ نمبرز X 20 تقسیم کل نمبر |
| ایم اے / ایم ایس سی | حاصل کردہ نمبرز X 15 تقسیم کل نمبر |
| Associate Degree in Education/بی ایڈ/ شہادۃ العالمیہ برائے اے ٹی اور ٹی ٹی/سند حفظ القرآن برائے قاری | حاصل کردہ نمبرز X 15 تقسیم کل نمبر |
| ایم ایڈ | حاصل کردہ نمبرز X 5 تقسیم کل نمبر |
| ایم فل | حاصل کردہ نمبرز X 5 تقسیم کل نمبر |
| پی ایچ ڈی | حاصل کردہ نمبرز X 5 تقسیم کل نمبر |

بی ایس چار سالہ کورس کی صورت میں 35 نمبروں کی تقسیم اس طرح ہوگی۔ حاصل کردہ نمبر x 35 (BA/B.Sc) کے لیے20 اور MA/M.Sc کے لیے 15 /کل نمبر۔

پیشہ ورانہ ایم اے ایجوکیشن کی صورت میں نمبر کی تقسیم بطریقہ ذیل ہوگی۔

02 سال کی M. A ایجوکیشن ڈگری یا بی ایس چار سالہ کی ایجوکیشن ڈگری کی صورت میں، 20 نمبر اس طرح شمار کیے جائیں گے: حاصل کردہ نمبر x 20 (B.Ed) کے لیے 15 اور M.Ed کے لیے 5 /کل نمبر

(الف) **ضلعی آسامیوں کی تفصیل**

| سریل نمبر | اسامی کا نام | کل آسامیاں | میرٹ | معذور افراد (2 فیصد) | اقلیت (5 فیصد) | اقلیت (5 فیصد بقایا) | ٹرانسجینڈر (0.5 فیصد) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | **TT (BPS-15)** | 20 | 20 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| .2 | **AT(BPS-15)** | 20 | 20 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| .3 | **PET(BPS-15)** | 15 | 14 | 0 | 1 | 0 | 0 |
| .4 | **DM(BPS-15)** | 10 | 09 | 0 | 1 | 0 | 0 |
| .5 | **CT(BPS-15)** | 45 | 42 | 1 | 2 | 0 | 0 |
| .6 | **Qari(BPS-12)** | 18 | 18 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| .7 | **CT-IT(BPS-12)** | 08 | 07 | 0 | 0 | 1 | 0 |

(ب) **پرائمری سکول ٹیچر (BPS-12) کی تفصیل**

| نمبر شمار | تحصیل کا نام | کل آسامیاں | میرٹ | معذور افراد (2 فیصد) | اقلیت (5 فیصد) | اقلیت (5 فیصد بقایا ) در ضلع | ٹرانسجینڈر (0.5 فیصد) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | گدیزی | 47 | 40 | 1 | 2 | 3 | 1 |
| .2 | مندنڑ | 46 | 40 | 1 | 2 | 3 | |
| .3 | گاگرہ | 33 | 29 | 1 | 1 | 2 | |
| .4 | ڈگر | 33 | 29 | 1 | 1 | 2 | |
| .5 | خدوخیل | 45 | 39 | 1 | 2 | 3 | |
| .6 | چغرزی | 32 | 28 | 1 | 1 | 2 | |
| .7 | **کل آسامیاں** | **236** | **205** | **6** | **9** | **15** | **1** |

**عمومی شرائط**

(1) بھرتی کے لئےمنعقد کیا جانے والا ٹیسٹ مرحلہ وار ہوگا اور طریقہ کار صرف ETEAکی صوابدید پر ہوگا ۔(2) ہر آسامی کے لئے ضلع کی سطح پر علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ مرتب کی جائے گی جس میں امیدواروں کےETEA ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبر اور تعلیمی قابلیت کے نمبروں کو جمع کیا جائے گا۔ (3) امیدوار کی اہلیت کے لئے ETEA ٹیسٹ میں 50فیصدپاس مارکس لینا ضروری ہے CGPA(4) میں کاونٹنگ کی اجازت نہیں ہوگی اور CGPA کو نمبرات میں تبدیل کرنے کے لئے متعلقہ یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات سے نمبرات یا نمبرات کی فیصدی کی تصدیق شدہ سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ (5) معذور افراد ، اقلیتوں اور ٹرانسجینڈر ز کے لئے بالترتیب 2 فیصد، 5 فیصد اور0.5فیصد کوٹہ مختص ہے۔ معذور افراد کے لئے سٹینڈ نگ میڈیکل بورڈ کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا لازمی ہے بشرطیکہ وہ معذوری فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ نہ ہو جبکہ ٹرانسجینڈرز کے لئے زکوٰۃ ، عشر، سوشل ویلفئیر ، سپشل ایجوکیشن ویمن ایمپاورمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبرپختونخواہ کے ساتھ درخواست کی آخری تاریخ (17-03-2025) تک رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ محکمے کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا لازمی ہے۔ (6) اسناد کی جانچ پڑتال کے وقت اصلی تعلیمی اسناد بمعہ اصل شناختی کارڈ لا نالازمی ہے۔ ۔ (7) اگر اس اشتہار کے بعد حکومت وقت کی طرف سے بھرتی کے طریقہ کار میں تبدیلی کی گئی تو مجاز اتھارٹی بشمول (ETEA) حکومت کے منظور شدہ قوانین کے مطابق عملدرآمد کی پابند ہوگی۔ (8) تمام تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مقرر کردہ قوانین و مجوز ہ طریقہ کار کے مطابق خالصتا میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔ (9) تمام تعلیمی اسناد صرف گورنمنٹ سے تسلیم شدہ اداروں کی قابل قبول ہوں گی۔ (10) اگر کسی امیدوار کی تعلیمی اور پیشہ وارانہ اسناد بھرتی کے کسی مرحلے یا تعیناتی کے بعد جعلی پائی گئیں تو اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور آئندہ کے لئے اسے سرکاری ملازمت کے لئے نا اہل تصور کیا جائے گا۔ (11) نامکمل فارم کی صورت میں درخواست فارم خود بخود منسوخ تصور کیا جائے گا جس کے لئے کوئی اپیل منظور نہیں کی جائے گی۔ (12) اسناد کی جانچ پڑتال کے لئے الگ شیڈول جاری کیا جائے گا اور آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے /ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔( 13) امیدوار کو ابتدائی پانچ سال اسی سکول میں سروس کرنا ہوگی جو کہ ناقابل تبادلہ ہوگی۔ (14) درخواست دینے کا طریقہ کار ETEA کی ویب سائٹ پر موجود ہے اور متعلقہ اضلاع کی خالی آسامیوں کی تفصیل درخواست فارم کے ساتھ ETEA کی ویب سائٹ پر دی گئی ہے۔ (15) میرٹ پر آنے والے امیدواروں کی اسناد متعلقہ ادارے سے تصدیق کرائی جائے گی جس کے تمام اخراجات امیدواروں کو برداشت کرنا ہوں گے۔ (16) پرائیویٹ (نجی) یو نیورسٹیوں کی ڈگریاں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔ (17) کسی بھی ڈگری پر کسی بھی امیدوار کو دہرا فائدہ نہیں دیا جائے گا۔ (18) عمر کی حد اشتہار میں دی گئی آخری تاریخ (17-03-2025) تک شمار ہوگی اور عمر کی بالائی حد میں نرمی خیبر پختونخوا میں سول پوسٹ پر ابتدائی تقرری (عمر کی بالائی حد میں نرمی) رولز، 2008کے مطابق دی جائے گی۔(19) ATاور TT کے امیدواروں کے لئے شہادۃ العالمیہ کو ایم اے کے برابر تسلیم کرتے ہوئے مارکس ایم اے کے برابر دیئے جائیں گے۔ TT اور AT کے علاوہ کسی اور کیڈر کے لئے شہادۃ العالمیہ کے کوئی نمبر نہیں ہوں گے۔(21) تقرری کی صورت میں ان امیدواروں پر خیبرپختونخوا 1973 سول سرونٹ (ترمیم شدہ ) ایکٹ ، 2022 لاگو ہوگا۔(22) تمام تقرریاں متعلقہ اضلاع کے ڈومیسائل کی بنیاد پر ہوں گی۔ امیدوار کا ڈومیسائل متعلقہ ضلع کا ہونا لازمی ہے جبکہ پرائمری سکول ٹیچر کی

تقرری خیبر پختونخوا اپوائنٹمنٹ ، ڈیپوٹیشن،پوسٹنگ اور ٹرانسفر آف ٹیچرز لیکچررز،انسٹرکٹرز اورڈاکٹرز ریگولیٹری ایکٹ 2011 ء کے سیکشن نمبر 3 کے مطابق ہوگی ۔ 17-03-2025کے بعد ڈومیسائل / شناختی کارڈ کے مستقل پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی قابل قبول نہ ہوگی اور 17-03-2025 گزرنے کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں، بنائی جانے والی دستاویزات اور حاصل کردہ تعلیمی اسناد پر غور نہیں کیا جائے گا۔

1144 06/02/025

**(عمر فاروق)**

**ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ)محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ضلع بونیر**